
9th August, 2024

# AMONG PAKISTANIS WHO USE SOCIAL MEDIA, USE OF WHATSAPP (51%), FOLLOWED BY FACEBOOK (33%), IS MOST POPULAR WHEN IT COMES TO STAYING IN TOUCH WITH THEIR FRIENDS AND LOVED ONES: GALLUP & GILANI PAKISTAN

سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والے پاکستانیوں میں، اپنے دوستوں اور عزیزوں سے رابطے میں رہنے کے لیے واٹس ایپ( 51% ) کا استعمال سب سے زیادہ مقبول ہے ، اس کے بعد اس حوالےسے سب سے زیادہ شرح فیس بک ( 33%) کی پائی گئی۔

Question: Which social networking websites do you use to stay in touch with your friends and loved ones?

**Multiple responses were allowed*




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)
Field Dates: 28th June - 10th July 2024

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی

سماجی رویے

سوشل میڈیا ایپ کے استعمال اوراس کے حوالے سے عوامی رائے پر 3 پریس ریلیز سیریز کا تیسرا (آخری) حصہ

## سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والے پاکستانیوں میں، اپنے دوستوں اور عزیزوں سے رابطے میں رہنے کے لیے واٹس ایپ (51%) کا استعمال سب سے زیادہ مقبول ہے ، اس کے بعد اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح فیس بک (33%) کی پائی گئی۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد) ،09 اگست، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والے پاکستانیوں میں، اپنے دوستوں اور عزیزوں سے رابطے میں رہنے کے لیے واٹس ایپ (51%) کا استعمال سب سے زیادہ مقبول ہے ، اس کے بعد اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح فیس بک (33%) کی پائی گئی۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ واٹس ایپ (WhatsApp) مرد حضرات وخواتین دونوں میں اور اس کے ساتھ دیہی و شہری دونوں علاقوں میں سب سے زیادہ مقبول ایپ ہے، جبکہ تمام گروپ میں ٹویٹر (X) سب سے کم مقبول سوشل میڈیا ایپ پائی گئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے سوشل میڈیا ایپ کے استعمال اوراس پر عوام کی رائے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس پریس ریلیز کی سیریز کی پہلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں اور دوسری رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ انٹرنیٹ پر موجود سوشل نیٹ ورکنگ کی کون کون سی ویب سائٹس اپنے دوستوں، عزیزوں سے رابطے میں رہنے کے لیے استعمال کرتے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں 51% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے دوستوں، عزیزوں سے رابطے میں رہنے کے لیے "واٹس ایپ (WhatsApp)" کا استعمال کرتے ہیں ،33% جوابدہندگان کے مطابق وہ" فیس بک (Facebook)" کا استعمال کرتے ہیں، 29% جوابدہندگان کے مطابق وہ" یوٹیوب (YouTube)"، 26% جوابدہندگان کے مطابق " ٹک ٹاک (TikTok)"، 14% جوابدہندگان کے مطابق "سنیپ چیٹ (Snapchat) " کا استعمال کرتے ہیں، جبکہ 13% جوابدہندگان کے مطابق وہ "انسٹا گرام (Instagram)" کا استعمال کرتے ہیں، تاہم 10% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے دوستوں، عزیزوں سے رابطے میں رہنے کے لیے "ٹویٹر (X)" کا استعمال کرتے ہیں۔


**"آپ انٹرنیٹ پر موجود سوشل نیٹ ورکنگ کی کون کون سی ویب سائٹس اپنے دوستوں، عزیزوں سے رابطے میں رہنے کے لیے استعمال کرتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*


*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** سوشل نیٹ ورکنگ ایپس کی کسی مخصوص ایپ کا استعمال کرنے کے حوالے سے، پاکستانی مرد حضرات اور خواتین دونوں میں یکساں شرح پائی گئی۔ سوشل میڈیا ایپس میں واٹس ایپ (مرد حضرات میں 56%، خواتین میں 46%) سب زیادہ پسند کی جانے والی اور X-ٹویٹر (مرد حضرات میں 15%، خواتین میں 6%) سب سے کم پسند کی جانے ایپ ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے:** سروے میں پوچھی گئی تمام سوشل میڈیا یا ویب سائٹس کا استعمال کرنے کی شرح دیہی علاقوں کی نسبت شہری علاقوں میں زیادہ پائی گئی ۔ سوشل میڈیا ایپس میں واٹس ایپ دونوں گروپ (شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں 54%، دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں 49%) میں سب زیادہ پسند کی جانے والی اور X-ٹویٹر دونوں گروپ (شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں 10%، دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں 11%) میں سب سے کم پسند کی جانے ایپ ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی 769 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 9th August, 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)